گھریلو ملازمین

.1 عزیز گھریلو ملازم، کوویڈ-19 بحران کے دوران، آپ کی صحت پہلے سے بھی زیادہ اہمیت اختیار کر گئی ہے! اگر آپ کو بُخار، کھانسی، یا سانس لینے میں دُشواری ہو تو، اپنے آجر کو فوراً آگاہ کریں۔ آپ قطر کی **کوویڈ-19 ہاٹ لائن 16000** پر بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔ ایمرجنسی کی صورت میں ایمبولینس کی درخواست کے لیے 999 پر فون کریں۔ تمام علاج مفت ہے اور صحت کارڈ اور درست کیو آئی ڈی کے بغیر اس تک رسائی ہو سکتی ہے۔

.2 عزیز گھریلو ملازم، اگر آپ میں کوویڈ-19 کی علامات ہوں تو، آپ کو مجاز حکام کی طرف سے تنہائی میں رکھا جائے گا اور مفت میں ٹیسٹ لیا جائے گا۔ اگر آپ کا ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے تو، آپ کی صحت یابی تک آپ کو تمام **ضروری نگہداشت، خوراک اور رہائش مفت** فراہم کی جائے گی۔ مزید معلومات کے لیے، مطالعہ کریں، آپ کی صحت اور ملازمت: ملازمین کے لیے کلیدی معلومات۔

.3 عزیز گھریلو ملازم، کوویڈ-19 کے بحران کے دوران، آپ ایم او پی ایچ، اے ڈی ایل ایس اے اور ایچ ایم سی کے فیس بک صفحات پر **سرکاری معلومات** حاصل کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کو کوئی معلومات یا وضاحت درکار ہو تو اپنے آجر سے بات کریں۔

.4 عزیز گھریلو ملازم، کوویڈ- 19 بحران کے دوران، آپ کی صحت پہلے سے بھی زیادہ اہم ہے! کام پر **باقاعدگی سے وقفے** لینے اور اپنی دیکھ بھال پر اضافی توجہ دینا نہ بھولیں۔ از روئے قانون آپ کو **10 گھنٹے فی یوم** سے زائد کام نہیں کرنا چاہیے۔

.5 عزیز گھریلو ملازم، کوویڈ-19 بحران کے دوران، حکومت کی جانب سے اجتماعات پر پابندی کی وجہ سے آپ اپنا دن گھر سے باہر نہیں گزار سکتے ہیں۔ مگر یاد رکھیں، آپ اس کے باوجود اس بات کے حق دار ہیں کہ آپ کو **قابل ادائیگی ہفتہ وار تعطیل** دی جائے !

.6 عزیز گھریلو ملازم، کوویڈ-19بحران کے دوران، گھر کے جراثیم سے پاک ہونے سے بھی زیادہ اہم آپ کی صحت ہے! اپنے آجر سے **ہینڈ سینیٹائزر، ماسک اور دستانے** طلب کریں، اور **تیز مصفا مصنوعات** استعمال کرتے ہوئے بالخصوص ان کا استعمال کریں۔

.7 عزیز گھریلو ملازم، کوویڈ-19 بحران کے دوران، **کھانے کی تیاری سے قبل اور اس کے بعد اپنے ہاتھوں کے دھونے** پر اضافی توجہ دینے کے ساتھ ساتھ **معمر** یا گھرانے کے ایسے افراد پر بھی توجہ دیں جو پہلے سے **بیماریوں کا شکار ہیں یا جن کو خاص قسم کی معذوریاں** لاحق ہیں۔

.8 عزیز گھریلو ملازم، کوویڈ-19 بحران کے دوران، آپ اوریڈو موبائل منی، ووڈافون، منی گرام، ویسٹرن یونین اور دوسرے آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے اپنے **گھر میں رقم بھجوا** سکتے ہیں۔ اس امر کی پڑتال کر لیں کہ آپ کے آبائی ملک میں زیادہ بہتر کون سی سروس ہے اور دھوکے بازیوں سے محفوظ رہیں !

.9 عزیز گھریلو ملازم، کوویڈ-19 بحران ہم سب کے لیے پریشان کن ہے! دباؤ اور بے چینی میں کمی لانے میں مدد کے لیے اس متعلق اپنے **گھرانے کے افراد، احباب اور آجر سے بات** کریں۔ ہمیں ایک دوسرے کا ساتھ دینے کی ضرورت ہے۔

.10 عزیز گھریلو ملازم، کوویڈ-19 بحران کے دوران، وائرس کے پھیلاؤ میں کمی لانے میں معاونت کے لیے **ہر ممکن حد تک گھر میں قیام** کریں۔ اگر آپ کو باہر جانا ہو تو؛ دیگر افراد سے محفوظ فاصلہ رکھیں، اپنے چہرے کو مت چھوئیں، اور صابن اور الکوحل سے بنے سینیٹائزرز سے باقاعدگی کے ساتھ اپنے ہاتھوں کو دھوتے رہیں۔

.11 عزیز گھریلو ملازم، یاد رکھیں کہ کوویڈ-19 بحران کے دوران بھی، اگر **آپ کو یقین ہو کہ آپ کے حقوق میں سے کسی کا خیال نہیں رکھا گیا ہے تو، آپ تب بھی منسٹری آف ڈویلپمنٹ، لیبر اینڈ سوشل افیئرز سے 40280661 پر رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔**